فوری ریلیز کے لیے: 31/10/2022 گورنر KATHY HOCHUL

## گورنر HOCHUL کی جانب سے یکم نومبر سے نیو یارک کے مستحق مکینوں کے لیے گھروں کو گرم رکھنے کے لیے امداد کی دستیابی کا اعلان

### اس موسم سرما میں مستحق گھرانوں کو حرارتی امداد کی مد میں $976 تک مل سکتے ہیں

### گھریلو توانائی کے امدادی پروگرام کے لیے درخواستیں یکم نومبر سے وصول کی جائیں گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نیو یارک کے مکینوں کو اپنے حرارتی بلوں کی ادائیگی میں مدد کی ضرورت ہے وہ بروز منگل، یکم نومبر سے گھروں کو گرم کرنے میں مدد کے لیے درخواست دینا شروع کر سکتے ہیں۔ گھریلو توانائی کا امدادی پروگرام، جو (Home Energy Assistance Program, HEAP) بھی کہلاتا ہے، اس موسم سرما میں کم اور درمیانی آمدنی والے گھرانوں اور بزرگ شہریوں کو اپنے گھروں کو گرم رکھنے اور توانائی کے بہت زیادہ اخراجات کو کم کرنے میں مدد کے لیے $976 تک فراہم کر سکتا ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "ہم نیو یارک کے اپنے سب سے زیادہ کمزور مکینوں کی مدد اور پروگرام تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں جو اس موسم سرما میں ان کے گھروں کو گرم کرنے کے لیے بڑھتے ہوئے اخراجات کے مسئلے کو حل کرنے میں مدد دیں گے۔ گھریلو توانائی کا امدادی پروگرام نیو یارک کے لاتعداد خاندانوں کے لیے ایک اہم خطِ حیات ہے، اور میں ان تمام لوگوں جو ان فوائد کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں، کو درخواست دینے کی ترغیب دیتی ہوں جو کہ بہت ضروری مالی امداد فراہم کریں گے"۔

دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت کے زیرِ نگرانی پروگرام، وفاقی طور پر مالی امداد فراہم کرتا ہے۔ مستحق گھرانے اگر حرارتی ایندھن کے ختم ہونے یا اپنی یوٹیلیٹی سروس بند ہونے کے خطرے میں ہوں تو انہیں فی موسم ایک باقاعدہ فائدہ مل سکتا ہے اور وہ ہنگامی فائدے کے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔ ہنگامی فوائد کے لیے درخواستیں 3 جنوری 2023 سے قبول کی جائیں گی۔

اہل مکان مالکان اور کرایہ داروں کو ان کی آمدنی، گھر کے سائز، ان کے گھر کو گرم رکھنے کی طریقے، اور اگر گھر میں کوئی حساس فرد موجود ہے تو، حرارتی امداد میں $976 تک مل سکتے ہیں۔ چار افراد پر مشتمل خاندان جس کی زیادہ سے زیادہ مجموعی ماہانہ آمدنی $5,485، یا سالانہ مجموعی آمدنی $65,829 ہو سکتی ہے، وہ پھر بھی فوائد کے لیے اہل ہیں۔

اس موسم سرما کے لیے حرارتی لاگت زیادہ ہونے کی پیش گوئی کی وجہ سے باقاعدہ HEAP فوائد کی قدر میں اضافہ کیا گیا ہے۔ تیل، مٹی کے تیل یا پروپین سے گرم کرنے والے گھرانوں کے لیے فائدے میں 33 فیصد اضافہ کیا گیا؛ 21 فیصد ان گھرانوں کے لیے جو لکڑی، لکڑی کے پیلٹس، کوئلے یا مکئی سے گرم کرتے ہیں؛ اور 14 فیصد ان گھرانوں کے لیے جو بجلی یا قدرتی گیس سے گرم کرتے ہیں۔

امداد کے لیے درخواستیں سماجی خدمات کے مقامی محکموں میں ذاتی طور پر یا ٹیلی فون کے ذریعے، پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر فراہم کردہ فنڈنگ کے ساتھ، قبول کی جاتی ہیں۔ نیو یارک سٹی سے باہر کے رہائشی باقاعدہ

حرارتی امداد کے فوائد کے لیے آن لائن درخواست بھی دے سکتے ہیں۔ نیو یارک سٹی کے رہائشی یہاں سے ایک درخواست ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں اور پروگرام کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری کی امداد کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "اس موسم سرما میں زیادہ حرارتی اخراجات پورے نیو یارک میں گھریلو بجٹ کو خطرے میں ڈال دیں گے۔ گھریلو توانائی کا امدادی پروگرام، خاص طور پر کم آمدنی والے برسرِ روزگار خاندانوں نیز ایک لگی بندھی آمدنی والے بزرگ شہریوں کو اہم ریلیف فراہم کرتا ہے۔ میں اس امداد کے ہر ضرورت مند کو ترغیب دیتا ہوں کہ وہ سرد ترین موسم شروع ہونے سے پہلے درخواست دیں"۔

**نمائندے Paul Tonko نے کہا،** "جیسے جیسے ہم سردیوں کے مہینوں میں داخل ہو رہے ہیں اور یوکرین کے خلاف پیوٹن کی جنگ میں کشیدگی آتی جا رہی ہے، زیادہ سے زیادہ امریکیوں، خاص طور پر بزرگ اور کم آمدنی والے خاندانوں پر گھریلو توانائی کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ پڑا ہے۔ میں نے گھریلو توانائی کے امدادی پروگرام کے لیے اضافی فنڈنگ کو آگے بڑھانے کے لیے سخت جدوجہد کی ہے، اور اس اہم پروگرام کے لیے وفاقی تعاون حاصل کرنے کے لیے شکر گزار ہوں۔ میں نیو یارک کے مکینوں کو درکار مدد فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرتا رہوں گا اور اس بات کو یقینی بناؤں گا کہ خاندان اپنے توانائی کے بلوں کو برداشت کرنے کے قابل ہو سکیں"۔

**نمائندے Adriano Espaillat نے کہا،** "میں گورنر Hochul کو وفاقی فنڈز مختص کرنے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں جو میں نے نیو یارک کے شہریوں کو گرم رکھنے کے لیے حاصل کرنے میں مدد کی، اور میں اپنے ضلع اور پورے نیو یارک شہر کے تمام اہل گھرانوں کو ترغیب دیتا ہوں کہ وہ اس موسم سرما میں امداد کے لیے درخواست دیں اور اپنے گھروں کو گرم کرنے کے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ان وسائل کو استعمال کریں۔ جیسے ہی ہم سردیوں کے مہینوں میں داخل ہوتے ہیں اور درجہ حرارت گرنا شروع ہوتا ہے، یہ ضروری ہے کہ ہم رہائشیوں، کمزور علاقوں، اور محدود آمدنی والے بزرگوں کو ضروری مدد فراہم کریں، یقینی بنانے کے لیے کہ وہ توانائی کے زیادہ اخراجات سے پریشان نہ ہوتے ہوئے گرم رہنے کے لیے اپنے گھروں کو گرم کر سکتے ہیں"۔

گزشتہ موسم سرما میں تقریباً 1.7 ملین HEAP فوائد جاری کیے گئے، جو کم از کم پچھلے پانچ سالوں میں سب سے زیادہ ہیں۔ امداد کی اسی طرح کی طلب اس موسم سرما میں دوبارہ متوقع ہے۔

نیو یارک کے وہ مکین جو اس موسم میں HEAP امداد حاصل کرتے ہیں اور اپنے یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی میں ناکام رہنا جاری رکھے ہوئے ہیں یا حرارتی ایندھن کی کمی کا شکار ہیں وہ بھی ایک بار کے ہنگامی HEAP فائدے کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ ہنگامی فوائد کے لیے درخواستیں 3 جنوری سے قبول کی جائیں گی۔

اگر ان کے بنیادی حرارتی آلات غیر محفوظ ہیں یا کام نہیں کر رہے اور ان کی بھٹی یا بوائلر کو مرمت کی یا تبدیل کرنے کی ضرورت ہے تو پھر بھی اہل گھر مالکان کے لیے مدد دستیاب ہے۔ HEAP حرارتی آلات کی مرمت اور تبدیلی پروگرام کے ذریعے فائدے کی رقم ضروری حرارتی آلات کی مرمت یا تبدیلی پر آنے والی اصل لاگت پر مبنی ہے - مرمت کے لیے $4,000 تک اور تبدیلی کے لیے $8,000۔ مرمت اور سامان کی زیادہ لاگت کی وجہ سے زیادہ سے زیادہ رقوم میں پچھلے سال سے بھی اضافہ کیا گیا ہے۔

گھر کے اہل مالکان اب HEAP حرارتی آلات کی صفائی و مرمت فائدے کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں تاکہ ان کے گھر کا حرارت کا بنیادی ذریعہ بہترین کارکردگی پر کام کر سکے۔ ان فوائد کے لیے درخواست دہندگان کو مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی محکمۂ سماجی خدمات سے رابطہ کرنا چاہیے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418